## 117623 - چچی کا دودھ پینے سے چچا کی دوسری بیوی کی اولاد کا حکم

### سوال

میرے ایك چچا کی دو بیویاں ہیں ان میں سے ایك نے مجھے دودھ پلایا ہے، کیا میرے لیے چچا کی دوسری بیوی کی بیٹیوں سے شادی کرنا ممکن ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب آپ کی چچی نے آپ کو دو برس کی عمر کے اندر اندر پانچ رضاعت دودھ پلایا ہے تو وہ آپ کی رضاعی ماں اور آپ کا چچا آپ کا رضاعی باپ بن گیا، اور اس کی سب بیویوں سے ساری اولاد آپ کے رضاعی بہن بھائی بن جائیگے.

اس بنا پر جن لڑکیوں کے متعلق آپ سوال کر رہے ہیں اگر وہ آپ کے چچا کی بیٹیاں ہیں تو وہ آپ کے لیے حرام ہیں، اور اگر وہ آپ کے چچا کے علاوہ کسی اور کی بیٹیاں ہیں ( یعنی ان کی ماں پہلے کسی اور سے شادی شدہ تھی ) تو آپ کا ان سے شادی کرنے میں کوئی حرج نہیں "

شیخ ابن باز رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" جب کوئی عورت کسی بچے کو پانچ معلوم رضاعت دو برس کے اندر اندر دودھ پلائے تو وہ اس کا اور اس کے خاوند جو صاحب دودھ ہے کا رضاعی بیٹا بن جائیگا، اور اس عورت کی ساری اولاد چاہے وہ اس خاوند سے ہو یا کسی اور سے اس بچے کے رضاعی بہن بھائی ہونگے.

اور جس عورت کا اس نے دودھ پیا ہے اس کے خاوند کی ساری اولاد چاہے وہ اس کی دوسری بیویوں سے ہو وہ بھی اس بچے کے رضاعی بہن بھائی ہونگے " انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن باز ( 22 / 274 ).

شیخ ابن باز رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا گیا:

" اگر تو پانچ رضاعت اور اس سے زیادہ ہوں اور دودھ خاوند کی طرف منسوب ہو کیونکہ اس خاوند کی اولاد ہے تو وہ آپ کے رضاعی والد اور والدہ کی جانب سے رضاعی بھائی ہونگے، اور رضاعی والد کی دوسری بیوی بچے بھی آپ کے رضاعی والد کی جانب سے رضاعی بھائی ہونگے " انتہی

دیكهیین: فتاوى الشيخ ابن باز ( 22 / 305 ).

والله اعلم .